مریض سے ملاقات کرنے کا طریقہ کار

(SOP for Interaction With Patient / Suspect)

کرونا کے مشتبہ افراد کو جانچ کے لئے تیار کرنا:

اگر کسی فرد کو کھانسی، بخار، جسم میں درد/تھکاوٹ، اجابتیں بو اور ذائقہ میں کمی کی علامات تین دن سے زیادہ پائی جاتی ہیں تو اسے کووڈ19 کا ٹیسٹ کروانے کی ضرورت ہے۔

اگر ان مریضوں کو بڑی عمر، کمزوری یا معذوری کی وجہ سے ٹیسٹ سنٹر کو جانے میں مشکل پیدا ہو رہی ہے تو ان کے ساتھ جا کر مدد کرنا چاہیئے۔

اگر کسی شخص کو سانس لینے میں تکلیف ہو رہی ہو یا اس کا آکسیجن کی سطح 95 فیصد ہوگئی ہو، اور وہ صدمہ، خوف اور بے خیالی محسوس کر رہا ہو تو اسے فوراً دواخانہ لے جانا چاہیئے۔

ٹیسٹنگ سنٹر لے جانے کی تیاریاں:

☆ اگر کسی کو ٹیسٹنگ سنٹر جانے کے لئے گاڑی کی ضرورت ہو تو مقرر کردہ آٹو کے فون نمبرات دیں۔

☆ اگر آپ مدد کرنے کے لئے جا رہے ہیں تو مریض کو اس کے افراد خاندان کے ساتھ ایک آٹو/گاڑی میں جانے دیں اور خود دوسری گاڑی/آٹو سے جائیں۔

☆ آٹو ڈرائیور کو چاہیئے کہ خود بھی ماسک پہنے اور متاثرہ مریض کے پاس اگر ماسک نہیں ہے تو اپنے پاس سے سرجیکل ماسک دے۔

☆ مریض کے افراد خاندان کو ٹیسٹنگ سنٹر، جہاں پر مریض کو لیا جایا جا رہا ہے کی تفصیلات دیں اور خاندان کے ایک فرد کو مریض کے ساتھ چلنے کے لئے کہیں۔

☆ ٹیسٹنگ کے عمل کے بارے میں تفصیلات فراہم کریں کہ ٹیسٹنگ میں کتنا وقت لگ سکتا ہے، اس کی رپورٹ کب تک آتی ہے اور کیسے رپورٹ دی جاتی ہے۔

☆ اس دوران یہ بتائیں کہ افراد خاندان کو کن احتیاطی تدابیر کو اختیار کرنا چاہیئے (کووڈ-19 کتابچہ کے مطابق)۔

☆ اگر آپ ٹیسٹنگ سنٹر سے واقف ہیں تو انہیں فون کر کے مریض کی پیشگی اطلاع دے دیں اور مریض کی تفصیلات مثلاً نام، عمر، پتہ، بیماریاں اور علامات کے بارے میں بتائیں۔

ٹیسٹنگ سنٹر جانے سے پہلے مریض کو تیار کرنا:

- ☆ مریض اور افراد خاندان کو ٹیسٹنگ کے عمل کی تفصیلات بتائیں۔
- ☆ مریض کو ہر طرح کی ممکنہ مدد فراہم کریں۔
- ☆ ان کے تمام سوالات کا جواب دیں۔
- ☆ ان کے خوف اور پریشانی کو کم کریں۔
- ☆ ان سے کہیں کہ وہ اپنا ماسک کبھی نہ نکالیں۔

آٹو میں احتیاطی تدابیر:

- ☆ آٹو میں مسافروں کی نشست کو ڈرائیور سیٹ سے الگ کرنے والی ایک شفاف پلاسٹک شیٹ ہونی چاہیئے۔
- ☆ آٹو میں صفائی کے لئے ایک کپڑے کا ٹکڑا اور صفائی کے لئے بوتل میں صابن کا پانی وغیرہ ہونا چاہیئے۔ اسی طرح سیٹ پر بچھانے کے لئے پرانے اخبارات بھی ہونا چاہیئے۔
- ☆ کووڈ۔19 کے مریض کو آٹو میں لے جانے کے بعد آٹو کو صابن کے پانی یا جراثیم کش پانی سے سینیٹائز کرنا چاہیئے۔
- ☆ ان حصوں کی صفائی پر توجہ دیں جہاں آٹو میں بیٹھتے وقت مسافر ہاتھ لگا سکتے ہیں۔
- ☆ اسی طرح سیٹ کے بازو اور پیچھے کے حصوں کو بھی سنیٹائز کریں۔ پرانے اخبارات جو سیٹ پر بچھائے گئے ہیں کو کچرے دان میں ڈال دیں۔
- ☆ آٹو ڈرائیور خود اپنی سیٹ کے آس پاس اور استعمال کی چیزوں مثلاً چابیاں، ہینڈل، فون وغیرہ کو بھی سنیٹائز کرے۔

مریض کے افراد خاندان کو دوائیں، راشن، کٹس وغیرہ حوالے کرنے کے دوران احتیاطی تدابیر

- ☆ مریض کے گھر کچھ دینے کے لئے جائیں تو گھر میں داخل نہ ہوں اور دروازے سے ہی دے دیں۔
- ☆ یاد رکھیں دو میٹر یا چھ فیٹ کا فاصلہ ضرور برقرار رکھیں۔ لوگوں کو برا لگے تو نرمی سے فاصلہ رکھنے کی ضرورت کے بارے میں بتائیں۔
- ☆ مریض کی صحت کے ساتھ ساتھ دوسرے افراد خاندان کی صحت کے بارے میں بھی پوچھیں۔ یاد رکھیں صرف 5 تا 10 منٹ ہی بات چیت کریں اور وہ بھی دروازے سے باہر کھلی جگہ میں۔
- ☆ مریض کے افراد خاندان سے بات کرتے وقت ماسک پہنیں اور انہیں بھی ماسک پہننے کے لئے کہیں۔
- ☆ مریض کے گھر سے کچھ نہ کھائیں اور پیئیں۔ نرمی سے انکار کریں اور انہیں سمجھائیں۔
- ☆ گھر واپس ہونے کے بعد وہ تمام طریقہ اختیار کریں جو کہ کتابچہ میں بتائے گئے ہیں۔